

سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ 'ڈکشنری کی دستاویز' میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# معاشی سرگرمیاں اور روزگار

# ECONOMIA I TREBALL

## کام کرنے کے حقوق کا اعتراف

## EL RECONEIXEMENT DEL DRET AL TREBALL

## اپنا کاروبار کرنا یا کسی کے پاس ملازمت

## TREBALL PER COMPTE PROPI O TREBALL PER COMPTE D'ALTRI

## سوشل سیکورٹی

## LA SEGURETAT SOCIAL

## ٹیکسوں کی ادائیگی کا نظام۔ آئی آر پی ایف ٹیکس

## RÈGIMS DE COTITZACIÓ. L'IMPOST IRPF

## کام کا معاہدہ۔ ملازم کے حقوق وفرائض

## LA CONTRACTACIÓ LABORAL. DRETS I DEURES DELS TREBALLADORS

## مالکان کی تنظیمیں۔ مزدور تنظیمیں۔ پیشہ وارانہ تنظیمیں اور ایسوسی ایشنز

## ORGANITZACIONS EMPRESARIALS, SINDICATS I ASSOCIACIONS I GREMIS PROFESSIONALS

## تربیت اور کام

## FORMACIÓ I TREBALL

## بنک اور سیونگ سکیمیں

## BANCS I CAIXES D'ESTALVIS

ہم آپ کو معاشی سرگرمیوں اور روزگار بارے شعبہ میں خوش آمدید کہتے ہیں

کتلونیا میں معاشی سرگرمیاں معاشی مارکیٹ(economia de mercat) کے حوالے سے پہچانی جاتی ہیں۔ دوسرے الفاظ میں آپ اسے مصنوعات کی پیداوار اور ان کی تبدیلی جنس کسی بھی آزادانہ ادارے کے ساتھ۔ آزادانہ تجارت میں دلکش معاشی سرگرمیوں کے باوجود اس بات کا خطرہ رہتا ہے کہ اس سے معاشرے میں عدم مساوات اور غربت میں اضافہ نہ ہو

گلوبل معاشی ترقی(globalització econòmica) نے اس بات کو فروغ دیا ہے کہ سرمایہ۔ اثاثہ جات اور تمام قسم کی خدمات دنیا بھر کے ممالک میں بلا روک ٹوک فراہم کی جا سکتی ہیں۔ جن کا زیادہ تر تعلق منافع بخش سرگرمیوں سے ہے۔ اس حوالے سے عالمی منڈی میں روزگار میں بھی تبدیلی آئی ہے۔ جس سے کئی ملین افراد تلاش روزگار کے سلسلے میں ایک ملک سے دوسرے ملک ہجرت کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ تاکہ وہ بہتر مستقبل کیلئے بہتر موقع تلاش کر سکیں

کتلان معاشرے میں روزگار کی فراہمی کو ہی اپنا سرمایہ خیال کیا جاتا ہے کیونکہ کسی بھی معاشرے کا سب سے اہم حصہ اس کے افراد ہیں۔ جن کی بہتری اور معاشرتی اتصال کیلئے ہمیں مل جل کر کام کرنا چاہیے

عالمی تنظیم برائے روزگار کی ویب سائٹ۔

http://www.ilo.org

عالمی معاشی و افرادی قوت بارے معلوماتی ویب سائٹ۔

http://www.mtin.es

روزگار۔ پیشہ جات۔ پیشہ وارانہ تربیت کیلئے ویب سائٹ۔

http://wwwgencat.cat/temes/cat/treball.htm

معاشی مارکیٹ میں سرمایہ کا حصول اور تصرف بھی افراد کے مالیاتی اداروں(entitats financeres) اور بچتی اداروں(entitats d'estalvi) سے ان کے تعلقات پر منحصر ہیں۔

## کام کرنے کے حقوق کا اعتراف

## EL RECONEIXEMENT DEL DRET AL TREBALL

ہسپانوی آئین کے مطابق تمام غیر ملکی تارکین وطن کو اسپین میں کام کرنے اور رہنے کے حق کو تسلیم کیا گیا ہے۔

آئین کی دفعہ 10۔ 4/2000 میں کوئی بھی کاروبار یا کہیں بھی ملازمت کا حق رکھتے ہیں (اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ امیگرنٹ بارے قانون کی تمام شرائط کو پورا کرتے ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ انہیں سوشل سیکورٹی(Seguretat Social) سے الحاق اور اس کی سہولتوں سے مستفید ہونے کا حق دیا گیا ہے۔

دوسری جانب اسی قانون کی دفعہ 11 کے تحت تمام امیگرنٹ ملازمین کو کسی بھی یونین سازی(sindicar-se) یا کسی یونین کا ممبر (afiliar-se) بننے کا' آزادانہ حق دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ وہ کسی بھی پیشہ وارانہ یونین(organització professional) کا حصہ بن سکتے ہیں اور انہیں مقامی شہریوں کے برابر حقوق حاصل ہوں گے۔

امیگرنٹ بارے قائم قوانین میں ان کے مساوی روزگار کے حق کو تسلیم کرنے۔ اس سلسلے میں انہیں متحرک کرنے اور اسے قابل عمل بنانے کیلئے وسائل فراہم کئے گئے ہیں تاہم

امیگرنٹ کی متعلقہ ریذیڈنسی کے تحت انہیں برابری کے حقوق حاصل ہیں

اگر ہم اپنے کاغذات کے بارے انتظامی امور ان کی تجدید۔ اپنا کاروبار کرنے کیلئے یا ملازمت کی ریذیڈنسی کے حصول بارے معلومات چاہتے ہوں تو ہمیں مندرجہ ذیل دفاتر سے رابطہ کرنا چاہیے

- جس صوبہ میں ہم رہتے ہوں وہاں پر غیر ملکیوں کیلئے قائم دفاتر یا مرکزی حکومت کے دفاتر
- مزدور یونین میں امیگرنٹ کیلئے مخصوص خدمات کے دفتر سے
- مختلف غیر سرکاری سماجی تنظیموں کے دفاتر سے جو اس سلسلے میں اپنی خدمات مفت فراہم کرتی ہیں۔ سماجی اداروں کے بارے مکمل معلومات ہمیں ہماری کارپوریشن کے دفتر سے مل سکتی ہیں
- امیگرنٹ بارے کسی بھی ویب سائٹ سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور بارسلونا کے وکیلوں کے کالج (Col·legi d'Advocats de Barcelona) کی ویب سائٹ (http://www.icab.es) اسکے علاوہ آپ (col·legis professionals) کے شعبہ میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں

پرائیویٹ ماہرین قانون اور قانونی مشیروں سے جن امیگرنٹس کے پاس کام اور رہائش کا اجازت نامہ موجود ہے انہیں کتلان خود مختار آئین (Estatut d'Autonomia de Catalunya) کے تحت تمام حقوق و فرائض حاصل ہیں جس کی وضاحت کتلان آئین کی دفعہ 25 میں کر دی گئی ہے

- پیشہ وارانہ تربیت اور روزگار کا حق
- کتلان ادارہ برائے روزگار (Servei d'Ocupació de Catalunya, SOC) سمیت تمام اداروں کے ذریعے حصول روزگار میں مدد و رہنمائی
- روزگار کی جگہ پر تمام ملازمین کی طرح صحت۔ تحفظ۔ عزت نفس۔ کا مکمل حق
- تمام اداروں میں معلومات۔ مشاورت اور شرکت کا حق

## اپنا کاروبار کرنا یا کسی کے پاس ملازمت

## TREBALL PER COMPTE PROPI O TREBALL PER COMPTE D'ALTRI

افرادی قوت کی طلب اور رسد کے لئے (mercat de treball) مالکان اور ملازمین دونوں کا اہم کردار ہے

سرمایہ کار مالکان معاشی ترقی کیلئے اپنا سرمایہ اور بعض اوقات اپنی محنت دونوں فراہم کرتے ہیں

ملازمین انسانی جسم کا بہترین معبہ یعنی اپنی محنت۔ علم و تجربہ اور پیشہ وارانہ تربیت کا تمام نچوڑ پیش کرتے ہیں

**الف)** کسی کے پاس کام کرنے کا مطلب (treball per compte d'altri) ہے کہ ہم اپنی خدمات ماہانہ مشاہرہ کے عوض کسی بھی فرد یا ادارے سوسائٹی کاروبار وغیرہ کیلئے پیش کرتے ہیں۔

کسی ادارے اور اس کے ملازمین کے درمیان کام کے تعلق بہتر انداز میں چلانے کیلئے اصول و ضوابط قائم کئے گئے ہیں۔ جن پر عمل کرنا دونوں فریقین کی ذمہ داری ہے۔ دونوں فریقین مالک اور ملازم سوشل سیکورٹی کی ادائیگی (cotitzacions) کے پابند ہیں اور اسپین کے سماجی نظام کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اپنا مالی حصہ ڈالنا سب کیلئے ضروری ہے

اسی طرح تمام اداروں میں تحریری کام کے معاہدہ (contracte laboral) کا ہونا انتہائی لازمی ہے۔جس کا معاہدہ بذریعہ انٹرنیٹ وزارت محنت وامیگریشن کرتی ہے (CONTRAT@) میں کیا جاتا ہے۔ چاہے آپ نے کام کا معاہدہ زبانی ہی کیوں نہ کیا ہو آپ اس کو تحریری شکل میں لانے پر اصرار کر سکتے ہیں

ب) اپنا کاروبار کرنے سے مراد (treball per compte propi) کوئی بھی منافع بخش سرگرمی کا آغازس کے لئے آپ دوسرے ادارے یا فرد کے محتاج نہیں اس نظام میں جب کوئی فرد اپنا کاروبار کرنے کیلئے سرمایہ اور بعض اوقات اپنی محنت استعمال کرتا ہے۔اس سے مراد کوئی بھی گفٹ شاپ۔حجام کی دکان۔یا کوئی دوسری دکان وغیرہ) جہاں وہ عام طور پر کام کرتا ہے

تمام افراد کو کوئی بھی کاروبار شروع کرنے کیلئے متعلقہ اجازت نامہ اور لائسنس لینا ضروری ہے۔ چاہے وہ متعلقہ کارپوریشن سے ہو یا محکمہ انکم ٹیکس (Agència Tributària) یعنی آئیندہ سے متعلقہ ہو۔جیسے کسی بھی مرمت یا تعمیراتی کام کیلئے کارپوریشن کا اجازت نامہ (llicència municipal d'obres)۔کاروبار شروع کرنے کا اجازت نامہ (llicència d'obertura)۔معاشی سرگرمیوں بارے ٹیکس (Impost sobre Activitats Econòmiques, IAE) وغیرہ

جن امیگرنٹ کا تعلق یورپی یونین کے ممالک سے نہیں ان کے پاس اپنا کام کرنے کی ریذیڈنسی (autorització de treball per compte propi) بھی ہونا ضروری ہے۔ایسا اجازت نامہ ہم اپنے ملک سے اسپین کے سفارتخانہ جات سے بھی حاصل کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں

اس کیلئے ضروری دستاویزات

الف۔کسی بھی کام کو شروع کرنے بارے ضروری اجازت نامے اور لائسنس کا حصول

ب۔آپ جس شعبہ میں کام کرنا چاہتے ہیں اس سے متعلقہ ترجیحی اسناد اوران کا اسپین کے قوانین کے مطابق تصدیق (homologació) ہونا اور بعض صورتوں میں ان کا متعلقہ کالج سے الحاق (col·legiació) ہونا ضروری ہے

ج۔ مذکورہ پراجیکٹ کیلئے مناسب سرمایہ کاری کے ثبوت اور افرادی قوت کے فروغ کیلئے وزارت محنت وامیگریشن کے قوانین کے مطابق منصوبہ بندی

ج۔اس بات کی یقین دہانی کہ پہلے سال مذکورہ ادارہ مناسب آمدن حاصل کر سکے گا جس سے کم از کم ادارے کے بنیادی اخراجات اور رہائش کے معاملات چل سکیں

ہ۔اپنے ملک اور اسپین میں کسی قسم کی مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث نہ رہ چکا ہو

و۔اسپین میں غیر قانونی طور پر مقیم نہ رہا ہو

کتلان حکومت جنرلیتات دے کتلونیا ہمیں اپنا کاروبار شروع کرنے کیلئے (autoocupació/autoempresa) اپنی ویب سائٹ کے ذریعے مدد و رہنمائی فراہم کرتی ہے

http://www.gencat.cat/temes/cat/empresa.htm

اس کے علاوہ کاروباری حضرات کی مدد و رہنمائی کے ادارہ (Centre d'Innovació i Desenvolupament Empresarial, CIDEM) کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے

http://www.cidem.cat

مندرجہ بالا ویب سائٹ میں ہمیں کتلان حکومت کے تمام معاون اداروں کے بارے میں معلومات اوران کے پتہ جات مل سکیں گے۔ جو ہمارے گھر کے قریب ترین ہوں۔ جہاں ہمیں کسی بھی کاروبار کے شروع کرنے بارے تمام تر معلومات بالکل مفت فراہم کی جائیں گی



# سوشل سیکورٹی

## LA SEGURETAT SOCIAL

سوشل سیکورٹی (Seguretat Social) سماجی بہبود کے تحفظ کا ایسا نظام ہے جو تمام افراد کو مالی معاونت ۔ صحت بارے معاونت اور قانون کے مطابق دوسری مالی مدد و رہنمائی کی خدمات (prestacions) فراہم کرتا ہے ۔ تا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ہم سماجی بہبود کی خدمات سے مستفید ہوسکیں

اس نظام کی بنیاد باہمی اخوت کا سرمایہ کاری نظام ہے ۔ جس میں کاروباری افراد اور ملازمین اپنا اپنا حصہ ڈالتے ہیں ۔ مثال کے طور پر اپنے تنخواہ کے ورق (full de salari ) یا ماہانہ مشاہرہ کی شیٹ (nòmina) پر نظر ڈالیں تو اس کے کالم برائے کٹوتی یا اجتماعی کوٹہ (deductions - contingències comunes) میں اس بارے اندراج موجود ہوگا

سوشل سیکورٹی کی مالی خدمات

الف ) ۔صحت بارے خدمات
اس ملک میں مقیم تمام افراد کیلئے مفت میڈیکل سروس کا انتظام ۔ قطع نظر اس بات کے کہ وہ اس ملک کا شہری ہے یا نہیں اس کی قانونی حیثیت کیا ہے ۔ سوشل سیکورٹی کا محکمہ کی سب سے اہم سروس مفت میڈیکل سروس ہے

ب ) ۔مالی امداد
اس سروس کے تحت اگر کسی وجہ سے ہم اپنی ماہانہ آمدن سے محروم ہو جاتے ہیں تو یا کسی وجہ سے ہم پر اخراجات کا بوجھ آن پڑا ہے تو سوشل سیکورٹی کا محکمہ تین صورتوں میں ہماری مدد کرتا ہے جو مندرجہ ذیل ہیں

1 ۔ بیماری ۔ تولید ۔ بیروزگاری ۔ بڑھاپا ۔ پنشن ۔ مستقل معذوری یا موت کی صورت میں

2 ۔ خاندان مالی معاونت ( زیر کفالت بچوں کی صورت میں )

3 ۔ کام کے دوران حادثہ یا پیشہ وارانہ کام کے دوران بیماری کی صورت میں مالی مدد

کسی بھی قومیت سے تعلق رکھنے والے ملازمین کا یہ حق ہے کہ اگر انہوں نے ایک مقررہ مدت تک اپنا سوشل سیکورٹی ٹیکس ادا کیا ہو تو انہیں مالی امداد دی جائے اس کو مالی امداد جس میں ہماری شراکت موجود ہوتی ہے یعنی ہم نے سوشل سیکورٹی کو ایک مخصوص کوٹہ ہر مہینے اس مد میں ادا کیا ہے اور قانون کے مطابق اس کا حصول ہمارا حق ہے ۔ اس نظام کے تحت تمام افراد کو تحفظ حاصل نہیں تاہم لوگوں کی اکثریت اس سے مستفید ہوتی ہے

پ ) ۔ اس کے علاوہ ایسی مالی امداد بھی موجود ہیں جس کیلئے ہم نے کوئی کوٹہ نہیں ادا کیا ہوتا مثال کے طور پر جن میں جن لوگوں نے ٹیکس نہیں ادا کیا ان کی امدادی پنشن مستقل معذوری ۔ زیر کفالت اولاد ۔ مختصر آمدنی ۔ بیروزگاری کی صورت میں امداد وغیرہ

سوشل سیکورٹی کی خدمات بارے ہم مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے معلومات حاصل کرسکتے ہیں

http://www.seg-social.es

سوشل سیکورٹی کی خدمات اور اس کا نظام کتلونیا میں مختلف اداروں کے سپرد ہے جن میں INSS نیشنل انسٹیٹیوٹ برائے سوشل سیکورٹی (Institut Nacional de la Seguretat Social) ۔ کتلان انسٹیٹیوٹ برائے صحت (Institut Català de la Salut) ۔ IMSERSO مہاجرین اور سماجی بہبود کی خدمات بارے قائم ادارہ (Institut de Migracions i Serveis Socials) ۔ کتلان انسٹیٹیوٹ برائے سوشل سیکورٹی (Institut Català de Serveis

(Socials ۔سوشل سیکورٹی کے مرکزی دفاتر یا خزانہ (Tresoreria General de la Seguretat Social) جو کسی بھی بنک کی طرح ٹیکس کی وصولی کا کام کرتا ہے

ہماری کارپوریشن میں قائم معلوماتی دفتر بھی ہمیں سوشل سیکورٹی کی خدمات بارے ہمیں مکمل معلومات فراہم کرسکتے ہیں۔

## ٹیکسوں کی ادائیگی کا نظام ۔آئی آر پی ایف ٹیکس

## RÈGIMS DE COTITZACIÓ. L'IMPOST IRPF

کتلونیا میں سوشل سیکورٹی کیلئے ایسے تمام افراد جو کوئی بھی معاشی سرگرمی کرتے ہیں چاہے وہ اپنا کاروبار ہو یا کسی کے پاس ملازمت سوشل سیکورٹی ٹیکس دینے کے پابند ہیں۔جس کے لئے مختلف طریقہ کار (règims de cotització) وضع کئے گئے ہیں۔

ٹیکس کی ادائیگی کی مختلف طریقہ کار

الف )۔جنرل ٹیکس دھندگان (règim general)
اس سے مراد عام طور پر کسی کے پاس ادارے یا کمپنی میں ملازمت کرنے والے افراد ہوتے ہیں ۔
ب )۔خصوصی ٹیکس دھندگان: (règims especials)
اس میں مختلف قسم کے افراد شامل ہوتے ہیں جن میں اپنا کاروبار کرنے والے افراد ۔زرعی ۔گھریلو ۔سمندری اور سرنگوں میں کام کرنے والے افراد شامل ہیں ۔اس کے باوجود کے ملازمین کسی بھی وقت کوئی کام شروع یا ختم کرسکتے ہیں یا مختلف جگہوں پر مختلف حیثیت میں کام کرسکتے ہیں ۔تاہم سوشل سیکورٹی میں ان کے لئے ایک ہی نظام ہے جس کے تحت وہ سب سے پہلے کام کا ٹیکس ادا کرتے ہیں

خصوصی ٹیکس دھندگان کی صورت میں ان کا ٹیکس کا بنیادی فارمولہ مختلف ہوتا ہے ۔ایک تو کم از کم لازمی ٹیکس کی ادائیگی ۔جس کے تحت ہر ٹیکس دھندہ کیلئے مختلف ہے۔ٹیکس بارے مختلف شعبہ جات اور ان سے متعلقہ ٹیکس کی معلومات ہمیں سوشل سیکورٹی خزانہ کے دفاتر (Tresoreria General de la Seguretat Social) سے۔ سوشل سیکورٹی کے ٹیلی فون نمبر 901 50 20 50 یا وزارت محنت و سماجی بہبود کے شعبہ سوشل سیکورٹی کے خزانہ جات سے مل سکتی ہیں
عام افراد کی آمدن پر ٹیکس (Impost sobre la Renda de les Persones Físiques, IRPF) کا اطلاق دوسری مد میں ہوتا ہے۔جس کے تحت ہر ملازم کی ماہانہ تنخواہ سے مذکورہ ٹیکس منہا کرلیا جاتا ہے۔ جو ہر کیس کی صورت میں مختلف ہے۔اس سلسلے میں معلومات کی فراہمی ہمیں ایجنسی برائے ٹیکس کے ادارے میں مختلف ماہرین سے مل سکتی ہیں ۔اس کے علاوہ ہم کسی بھی مزدور یونین کے دفتر سے رابطہ کرسکتے ہیں

## کام کا معاہدہ ۔ملازم کے حقوق و فرائض

## LA CONTRACTACIÓ LABORAL. DRETS I DEURES DELS TREBALLADORS

کسی بھی ادارے کے مالک یا اسکے نمائندہ اور ملازمت کے خواہشمند افراد کے درمیان طے پانے والا معاہدہ (contracte de treball) ہے جس کے تحت باہمی رضا مندی کے تحت قانون کے مطابق شرائط درج کی جاتی ہیں جن میں ملازمت کا دورانیہ ۔کام کے اوقات ۔چھٹیاں ۔تنخواہ وغیرہ بارے درج ہوتا ہے۔اس کے علاوہ اس میں کام کے ٹسٹ پیریڈ کا ذکر کرنا بھی لازمی ہے۔اگر کام ہفتہ وار ہے یا ماہانہ اس کی وضاحت بھی ضروری ہے

کام کے معاہدہ کی مختلف صورتیں ہیں اسی طرح ترقی (incentius) اور بونس (bonificacions) کی بھی مختلف قسمیں اور شرائط ہیں ۔ادارہ کے مالک کی جانب سے





عارضی کام کیلئے یا مستقل کام کی صورت میں بہت سی چیزوں کو دیکھا جاتا ہے جن میں عمر ۔ تلاش روزگار کے دفتر میں اندراج کا وقت ۔ جسمانی ۔ ذہنی ونفسیاتی معذوری اور اس کی بھی مختلف کیٹیگری ہیں

1 ۔ مستقل کام کا معاہدہ اس سے مراد کسی بھی ملازم اور مالک کے درمیان بلا کسی مدت کے تعین کے طے پانے والا معاہدہ ہے

2 ۔ عارضی کام یا مخصوص مدت کے کام کا معاہدہ

کام کے مختلف معاہدوں بارے ہم مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں

http://gencat.cat/treball/ambits/relacions_laborals/empreses/contractes/index.html

http://www.inem.es/inem/ciudadano/empleo/contratos/index.html

ملازمین کے بنیادی حقوق کا تعین وتحفظ مزدوروں بارے قوانین (**Estatut dels Treballadors**) کے تحت کیا گیا ہے

http://www2.inem.es/legis/empleo/rdley1_95.htm

http://www.mtas.es/es/Guia/entrada.htm

ان قوانین سے انکار کسی بھی صورت ممکن نہیں ۔ جس میں کسی بھی مزدور تنظیم کا ممبر ہونا ۔ ہڑتال کا حق (**vaga**) ۔ یونین کا حق ۔ پیشہ وارانہ تربیت کا حق ۔ کسی بھی ملازمت میں دوبارہ اور تنخواہ پر نظر ثانی کا حق شامل ہیں ۔ اس کے علاوہ میڈیکل سہولت ۔ کام کے دوران صفائی اور صحت کے تحفظ کا حق شامل ہیں ۔ ان تمام حقوق کا اطلاق صرف اور صرف اسی صورت میں ہے اگر ہمیں قانونی طور پر اسپین میں کام کی اجازت ہو ۔ کسی بھی ادارے اور ملازم کے درمیان روزگار کا تعلق کسی بھی وجہ سے ختم ہو سکتا ہے ۔ جن میں سب سے زیادہ عام کام کے معاہدہ کا اختتام ہے یا ملازم اپنی مرضی سے کام چھوڑ دے ۔ اس کے علاوہ ٹسٹ پیریڈ میں تسلی بخش کام نہ ہونے کی وجہ سے بھی کام ختم ہو سکتا ہے (ایسی صورت میں دونوں جانب سے پہلے اطلاع کرنا ضروری نہیں ) یا کام سے نکالے جانے کی صورت (**acomiadament**) تمام صورتوں میں پہلے سے اس بارے مکمل معلومات کا ہونا ضروری ہے ۔ اس کے علاوہ آپ پرائیویٹ ماہرین قانون یا مزدور تنظیموں سے رابطہ کر سکتے ہیں

## مالکان کی تنظیمیں ۔ مزدور تنظیمیں ۔ پیشہ وارانہ تنظیمیں اور ایسوسی ایشنز

## ORGANITZACIONS EMPRESARIALS, SINDICATS I ASSOCIACIONS I GREMIS PROFESSIONALS

تمام تاجران اور کاروباری حضرات کو حق ہے کہ وہ کسی بھی مالکان کی تنظیم (**gremis professionals**) ۔ انجمن تاجران یا پیشہ وارانہ تنظیم کا حصہ بن سکتے ہیں ۔ مذکورہ تنظیمیں اور ایسوسی ایشنز اپنے ممبران کو قوانین کی تبدیلی ۔ مخصوص شعبہ میں ہونے والی تبدیلیوں ۔ مختلف سرگرمیوں جیسے نمائش ۔ مذاکرے ۔ کسی بھی شعبہ کے کمرشل ہونے بارے معلومات اور دوسری معلومات سے آگاہ کرتے ہیں ۔ اس کے علاوہ کتلان معاشرے میں مخصوص شعبہ کی متحرک نمائندگی کرتے ہیں ۔

مزدور تنظیمیں (**sindicats**) ۔ ملازمین اور مزدوروں کی مستقل تنظیمیں رضاکارانہ طور پر باہمی اخوت کی بنیاد پر اپنے معاشی ۔ معاشرتی وروزگار سے متعلقہ حقوق کے دفاع کیلئے اکٹھے ہوتے ہیں ۔ مزدور تنظیموں کے ذریعے ہم اپنے روزمرہ اور مخصوص واجبات (**reivindicacions**) بارے اظہار کرتے ہیں جن میں تنخواہ ۔ کام کے اوقات ۔ کام کے بارے شرائط ۔ عام زندگی بارے شرائط ۔ وغیرہ شامل ہیں ۔ کسی بھی مزدور یونین میں ملازمین اور مزدوروں کی شرکت ان کی طاقت میں اضافہ کرتی ہے ۔ تاکہ وہ اپنے قانونی حقوق کو منوانے اور ان کی بہتری کیلئے آواز بلند کرسکیں ۔

ہم ان تمام تنظیموں اور دوسری ایسوسی ایشن کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو مختلف شعبہ ہائے زندگی میں کام کر رہی ہیں۔ جن میں دھاتی۔ تعمیراتی۔ زراعت۔ طبی۔ تجارتی ہوٹلنگ اور ریسٹورنٹ وگھریلو خدمات وغیرہ) بارے مکمل علومات حاصل کر سکتے ہیں۔ محکمہ محنت (Departament de Treball) کے دفتر اور ہمارے صوبہ میں میونسپل کارپوریشن کے شہری علومات توجہ کے مراکز (Oficines Municipals d'Atenció al Ciutadà, OAC) سے بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ انڈسٹری اور کامرس کے چیمبرز۔ (cambres de Comerç i Indústria) بھی ہمیں اس بارے علومات فراہم کر سکتے ہیں

اس کے علاوہ مختلف فیڈریشن سے بھی علومات مل سکتی ہیں۔

http://www.ceoe.es

http://www.pimec.es

مالکان کی تنظیم بارے علومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے

http://www.ctescat.cat/enllacos/14i/ndex.html

## تربیت اور کام

## FORMACIÓ I TREBALL

کتلان معاشرے میں تلاش روزگار اور پھر اپنی ملازمت کو برقرار رکھنے کیلئے پیشہ وارانہ تربیت ایک لازمی امر ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کسی بھی شعبہ میں تجربہ اور علومات کی صورت میں ہمیں بہتر مواقع فراہم ہوتے ہیں۔
کتلونیا میں پیشہ وارانہ تربیت کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ باقاعدہ تربیت (formació reglada) اور بے قاعدہ تربیت (formació no reglada)۔ پہلے حصہ یعنی باقاعدہ تربیت سے مراد کسی بھی ترجیتی ادارے کی سند یا ڈگری ہے جبکہ دوسرے کیلئے کوئی ڈگری یا سند نہیں ہوتی

باقاعدہ تربیت میں لازمی مفت تعلیم (16 سال تک) اور اس کے بعد پیشہ وارانہ تربیت جس میں گریجوایشن ماسٹر یونیورسٹی کی اعلیٰ تعلیم اور لسانی تعلیمی اداروں کی اسناد وغیرہ شامل ہیں

بے قاعدہ پیشہ وارانہ تربیت سے مراد سرکاری طور دیے جانے والے کورسز (formació ocupacional subvencionada) وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے باوجود کہ اس میں کوئی ڈپلومہ یا ڈگری جاری نہیں کی جاتی لیکن اس کے باوجود ان کورسز میں شریک افراد کو ایک سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا ہے۔ جس میں جتنے گھنٹے انہوں نے تربیت حاصل کی اور ان کی بنیادوی علومات بارے اندراج ہوتا ہے۔ اس میں کسی بھی پیشہ کیلئے ملازمت یا کام کیلئے ابتدائی تربیت کے تحت انہیں پیشہ وارانہ تربیت دی جاتی ہے۔ تاکہ وہ اپنے کام کیلئے دوبارہ تیار ہو سکیں ایسے تمام کورسز بالکل مفت ہوتے ہیں جن میں بنیادی طور پر دو طرح کے کورسز ہوتے ہیں

الف)۔ بیروزگار افراد کیلئے کتلان ادارہ برائے روزگار (Servei d'Ocupació de Catalunya, SOC) کی جانب سے مختلف معاون اداروں کی جانب سے کورسز کروائے جاتے ہیں۔ ان کورسز کیلئے آپ کا کتلان ادارہ برائے روزگار میں اندراج ہونا لازمی ہے۔ جس میں اس بات کی وضاحت ہو کہ آپ بیروزگار ہیں اور کام کی تلاش میں ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کے پاس کام کی ریذیڈنسی ہونا بھی ضروری ہے۔ ان کورسز میں کلاسز اور تمام میٹریل بالکل مفت ہوتا ہے۔ ان میں شرکت کرنے والے افراد کیلئے حادثہ کا بیمہ ہونا لازمی ہے۔ پیشہ وارانہ تربیت کی نوعیت کے مطابق کسی بڑے ادارے میں پریکٹیکل کی کلاسز بھی ہوتی ہیں۔ بعض دفعہ کچھ کورسز کی صورت میں ٹرانسپورٹ اور کھانے کا وظیفہ بھی دیا جا سکتا ہے۔ جس کا انحصار ہر فرد کی نوعیت پر ہے

ب)۔ متحرک ملازمین کیلئے بھی مسلسل تربیت کے کورسز ہوتے ہیں۔ ایسے کورسز اس ادارے میں بھی کروائے جا سکتے ہیں جہاں آپ کام کرتے ہیں اور اس کے علاوہ

کسی بھی مزدور یونین یا ملاکان کی تنظیم کے تحت بھی ہو سکتے ہیں ۔ تمام ملازمین تربیتی کورسز کیلئے ٹیکس ادا کرتے ہیں اس لئے پیشہ وارانہ کورسز ہمارا حق ہوتے ہیں

ورکشاپ سکول (escoles taller, ET) اور پیشہ وارانہ مراکز (cases d'ofici, CO) ۔ پیشہ ورانہ ورکشاپ (tallers d'ocupació, TO) سرکاری طور پر مختلف افراد کو تربیت دینے کے ادارے ہیں ۔ جن کا مقصد بیروزگار افراد کو تربیت فراہم کرنا ہے ۔ تاکہ افرادی قوت کی طلب ورسد کی مارکیٹ کے مطابق انہیں تیار کیا جا سکے ۔ ان کورسز میں وراثت کی بحالی ۔ تحفظ ماحولیات اور دوسرے افراد کی مدد ورہنمائی شامل ہیں ۔ ان کاموں کا عرصہ چھ ماہ سے 24 ماہ تک ہو سکتا ہے ۔

ورکشاپ سکول سے عام طور پر 25 سال سے کم عمر نوجوان افراد ہی مستفید ہوتے ہیں جبکہ پیشہ وارانہ ورکشاپ میں 25 سال سے زائد عمر کے افراد کی بھی تربیت کی جاتی ہے تاہم ان کا کتلان ادارہ برائے روزگار (Servei d'Ocupació de Catalunya) میں نام رجسٹر ہونا ضروری ہے ۔ اس سلسلے میں وہ تنظیمیں جو معاون ہو سکتی ہیں ان میں مقامی تنظیمیں ۔ مختلف فاونڈیشن اور غیر سرکاری سماجی تنظیمیں شامل ہیں ۔ اس سلسلے میں متحرک افراد :(població activa) کیلئے مختلف کورسز بارے معلومات مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے مل سکتی ہیں

http://www.oficinatreball.gencat.cat

اس کے علاوہ کتلان حکومت کے محکمہ محنت کی ویب سائٹ سے بھی معلومات حاصل کر سکتے ہیں

http://www.oficinatreball.gencat.cat

## بنک اور سیونگ سکیمیں

### BANCS I CAIXES D'ESTALVIS

مالیاتی نظام میں بنک اور سکیمیں انتائی اہم مقام رکھتی ہیں ۔ کیونکہ ان کا کام مختلف اجتماعی گروپوں ۔ افراد ۔ اداروں اور تنظیموں کی ضروریات کے پیش نظر ان کو سرمایہ کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے ۔ یہ ضرورت وقت کے ساتھ ساتھ نئے آنیوالے افراد اور گروپوں کی وجہ سے بڑھتی جا رہی ہے ۔ کتلونیا میں زیادہ سے زیادہ مالیاتی اداروں نے نئے آنے والے افراد کو اپنی خدمات اور سرمائے کی فراہمی کیلئے سہولتیں دی ہیں
تمام قسم کے بنک (bancs) اور بچت کی سکیموں (caixes d'estalvi) نے پورے کتلونیا میں اپنے دفاتر کا ایک جال پھیلا رکھا ہے ۔ جہاں وہ تمام افراد کو اپنی سہولتوں اور مالیاتی سرمایہ کاری (productes i serveis financers) بارے پیش کش کرتے ہیں ۔ ان مالیاتی اداروں کی سہولتیں اور سکیمیں تمام افراد کیلئے ایک جیسی ہیں

- کرنٹ اکاونٹ اور بنک کی کاپی (compte corrent o llibreta bancaris)
- کریڈٹ کارڈز (Targeta de crèdit)
- پیسوں والا کارڈ (Targeta de diners o de dèbit)
- جائیداد کی خرید وفروخت کا قرضہ (Hipoteques)
- ذاتی قرضہ جات (Préstecs personals)

*نوٹ ۔ اس دستاویز میں مذکر کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے ۔ جو صرف اجتماعی ریفرنس کی علامت اور تحریر کو فوری قابل فہم بنانا ہے یعنی جب ہم ملازمین یا اداروں کا ذکر کرتے ہیں تو اس سے مراد خواتین وحضرات دونوں اجناس ہے ہمارے لئے بہتر ہوگا کہ ہم ان تمام پیشکشوں پر شرح منافع (interessos) اور ان کے کمیشن (comissions) بارے پوری معلومات رکھیں اور ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ کون سا مالی اداروں اپنی خدمات کی فراہمی میں بہتر اور فوری رد عمل کا مظاہرہ کرتا ہے اور تمام عمل میں ہر چیز کی وضاحت کو ممکن بناتا ہے





مذکورہ بالا خدمات کے علاوہ دوسری سروسز بھی موجود ہیں

۔بیرون ملک سرمایہ کی منتقلی (**Transferències**)

۔امیگرنٹس کیلئے منی ٹرنسفر کی سہولت (**Remeses**)۔اس سلسلے میں مختلف ممالک کی کرنسی کے ساتھ معاہدے موجود ہیں۔ بہت سے ایسے ممالک ہیں جو منی ٹرانسفر کے وقت بہت سی سہولتوں کا انتظام کرتے ہیں جن سے ہم فائدہ اٹھا سکتے ہیں

۔انشورنش (**Assegurances**) ایسی خدمات ہیں جن میں بہتر معاشی و معاشرتی سہولتیں ہوتی ہیں۔ جس سے کسی بھی بڑے نقصان کی صورت میں ہمیں معاوضہ مل جاتا ہے۔ بہت سے خطرات کا سامنا کرنے کیلئے مختلف قسم کی انشورنس موجود ہیں جن میں ۔ بچت کی سکیم۔ زندگی کا بیمہ (مثال کے طور پر موت کی صورت میں ) گھر کا بیمہ (کسی حادثے یا چوری کی صورت میں ) صحت ۔ ایکسیڈنٹ اور میت کی وطن روانگی کا بیمہ وغیرہ

کچھ مالیاتی ادارے ٹریول ایجنسیوں کے ذریعے آپ کے مادر وطن سفر کیلئے سستی ٹکٹ کی فراہمی کو یقینی بناتے ہیں

ہمیں اپنے گھر کے قریب پائے جانے والے بنکوں اور سیونگ سکیموں بارے مکمل لسٹ ٹیلی فون ڈائریکٹری سے مل سکتی ہے۔ اس کے علاوہ پیلے صفحات ***Pàgines Grogues*** کے نام سے جانی والی ڈائریکٹری (www.paginasamarillas.es) سے بھی تمام معلومات مل سکتی ہیں۔ جو مختلف پبلک کال آفس یا ٹیلی فونیکا کے دفاتر میں موجود ہوتی ہیں

اس کے علاوہ مزید معلومات ہمیں سیونگ بنکوں کی ویب سائٹ سے بھی مل سکتی ہیں

http://www.ceca.es/es/home.htm

مالیاتی اداروں کے سرکاری رجسٹرار کی ویب سائٹ سے بھی بہت سی معلومات مل سکتی ہیں

http://www.bde.es/servicio/regis/regent.htm